# 685 ـ مسجد كے ليے زمين وقف كرنے كے بعد واپس لے لى

**سوال**

ہمارے ہاں ايك مالدار شخص ہے جس نے مسجد كى تعمير كے ليے كچھ زمين وقف كى، پھر اس كے پاس كچھ لوگ آئے جنہوں نے اسے مدرسہ بنانے كا مطالبہ كيا، اسے كيا كرنا چاہيے ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر تو اس شخص نے فعلا زمين كا وہ ٹكڑا مسجد بنانے كے ليے دے ديا ہے، تو اسے واپس لينے كا كوئى حق نہيں ہے، اور اگر اس سے مسجد بنانے كے ليے زمين كا وعدہ ليا گيا ہے تو پھر بھى اس كے ليے بہتر يہى ہے كہ وہ اپنے وعدہ كو پورا كرے.

اللہ تعالى ہمارے نبى محمد صلى اللہ عليہ وسلم اور ان كى آل اور ان كے صحابہ كرام پر اپنى رحمتيں نازل فرمائے .